آنکھ مچولی

Author: Samvida Venkatesh
Illustrator: Sandhya Prabhat
Translator: Syed Tanveer Ahmed

ثانیہ بہت خوش تھی۔ آج وہ چھ سال کی ہو گئی
تھی۔
پاپا اس کے لیے بہت خاص پاؤ بھاجی بنا رہے
تھے اور
ثانیہ کے سب سے اچھے دوست امن، زویا،
ہرپریت، جوڑے، کرن، ماریہ، پریا (وہ بہت ہی
گھمنڈی ہے)، روہن اور شان پارٹی میں کرنے
کے لیے آرہے تھے۔

کھٹ، کھٹ۔

یہ ماریہ ہے۔

وہ ایک بڑا سا تحفہ لے کر آئی ہے۔ اوہ ہ ہ ہ ہ ہ۔

کھٹ، کھٹ، کھٹ کھٹ ۔

جلد ہی سارے نو مہمان پہنچ گئے۔

ہُرّے!

ثانیہ نے کہا چلو آنکھ مچولی کھیلتے ہیں۔
ثانیہ کو آنکھ مچولی کھیلنا بہت پسند ہے، کیوں کہ وہ
جانتی ہے کہ وہ کیسے بہت ہی چُپکی سی ہو جاتی
ہے۔ ایک بار ماریہ اسے پورے ایک گھنٹے تک نہیں
ڈھونڈپائی تھی۔
"جس لڑکی جنم دن ہے، وہی گنتی کرے گی،" پریا
بولی (جو بہت گھمنڈی تھی)

کھٹ۔ کھٹ

اس وقت یہ کون ہو سکتا ہے؟

وہ جوڑے کے پاپا تھے جو بہت اسمارٹ لگ رہے تھے۔

انھیں کہیں جانا تھا۔

"مجھے ضروری کام ہے" انھوں نے کہا۔

جوڑے کو اپنی چھوٹی بہن کے پاس گھر واپس جانا پڑے گا۔

"مجھے افسوس ہے، جنم دن مبارک ہو، ثانیہ" جاتے ہوئے جوڑے نے کہا۔

جوڑے وہاں سے چلا گیا، وہ اداس دکھائی دے رہا تھا، ثانیہ بھی اداس تھی۔

اب پارٹی میں صرف آٹھ مہمان بچے تھے۔

"چلو بھئی" پریا بولی (جو گھمنڈی تھی) کھیل شروع کرتے ہیں!

ثانیہ نے اسے دیکھا، پھر اپنی آنکھیں بند کرکے گنتی شروع کردی۔

1-2-3- کرن نے خود کو ایک چٹائی میں لپیٹ لیا۔

4-5-6- پریا اوپری منزل پر جا کر چھپ گئی۔

7-8-9 ہرپریت دروازے سے باہر نکل گیا۔

10، ثانیہ چلائی۔ تیار ہو یا نہیں۔ اب میں آ رہی ہوں۔

آٹھ لوگوں کو ڈھونڈنے کے لیے۔
ثانیہ کمرے میں پاگلوں کی طرح ادھر ادھر بھاگ رہی تھی۔
وہ چٹائی پر پھسل گئی۔
اوہ !ثانیہ بولی!
اوہ !چٹائی کے اندر سے بھی آواز آئی۔
"میں نے کرن کو ڈھونڈلیا"ثانیہ خوشی سی بولی۔
بے چاری کرن۔
اب ڈھونڈنے کو کتنے بچے؟
سات

بھوں بھوں بھوں۔ ثانیہ کا کتا اچانک گلابی رنگ
کے دوپٹے میں لپٹا ہوا کمرے میں
داخل ہوا۔
زویا اس کے پیچھے دوڑتی ہوئی آرہی تھی۔
"گندا کتا، شرارتی کتا" وہ چلائی۔
"میں نے زویا کو ڈھونڈ لیا" ثانیہ ہنسی۔
یہ تو بہت آسان تھا۔
اب تلاش کرنے کو کتنے بچے؟

چھ!

ثانیہ بیڈروم میں گئی۔

یہاں کوئی بھی گدّے میں چھپا ہوا نہیں تھا۔

اور نہ ہی صندوق میں کوئی تھا۔

"آآآچھی" الماری کے اندر سے چھینکنے کی آواز آئی۔
ثانیہ نے جھٹکے سے الماری کا دروازہ کھول دیا۔
"آآآچھی" روہن پھر سے چھینکا۔
"یہاں دھول بہت زیادہ ہے۔" امن نے شکایتی
لہجے میں کہا۔
"میں نے روہن اور امن کو ڈھونڈ لیا" ثانیہ نے یہ
کہتے ہوئے تالی بجائی۔
اب ڈھونڈنے کو کتنے بچے؟
چار

ثانیہ چھت پر چڑھ گئی۔ اس نے ٹنکی کے پیچھے کچھ حرکت محسوس کی۔ ثانیہ قریب جا کر کھڑی ہو گئی۔

میاؤں! ایک لائن سے رکھے کپڑوں کے اندر سے بلی کی آواز آئی۔
"یاااااااااا مما کی ساری"، شان کی خوف بھری آواز آئی اور وہ کمر کے بل گر پڑا۔

"میں نے شان کو تلاش لیا" ثانیہ چلائی۔
اب تلاش کرنے کے لیے کتنے بچے؟
تین

شووووو! دور ہو جاؤ! نووووو

یہ کیا ہو رہا تھا۔ ثانیہ جلدی سے باغ میں داخل
ہوئی
گڑہل کی جھاڑیوں کے پیچھے اس نے دو سہمی ہوئی
لڑکیوں کو دیکھا
اور ایک موٹی سی شہد کی مکھی کو بھی۔
"میں نے ہرپریت کو ڈھونڈ لیا" ثانیہ زور سے بولی
اور شہد کی مکھی اور ماریہ سے دور بھاگی۔
اب تلاش کرنے کے لیے کتنے بچے؟
ایک

پاؤ بھاجی کی اسپیشل خوشبو پورے گھر میں پھیلی ہوئی تھی۔ ثانیہ کے پیٹ میں چوہے دوڑنے لگے۔

اب کیک کاٹنے کا وقت ہو چکا تھا، ثانیہ نے امی کو آواز دی "ہم سب یہاں انتظار کر رہے ہیں۔"

"ہیپی برتھ ڈے ٹو یو۔" سب نے مل کر گایا۔

"ہیلو۔" ایک غصیلی سی آواز آئی۔ "تم نے اب تک مجھے تلاش نہیں کیا ہے"

"میں نے پریا کو تلاش کرلیا" ثانیہ اپنی ہنسی دباتے ہوئے بولی "کیک ؟"
ہرپریت نے ہسنتے ہوئے کہا، زویا نے بھی اپنے حلق میں آواز دبا کر کہا۔
"تم ہنسنے کی ہمت کیسے کر سکتی ہو؟؟؟" پریا نے اپنی مٹھی بند کرلی۔
دھپ ! وہ اوپر سے تکیوں کے ڈھیر پر گری۔

ثانیہ ہنسی نہیں، بلکہ پریا کو اٹھنے میں مدد کرنے لگی اور کیک کا ایک بڑا ٹکڑا کاٹ کر اسے دیا۔
"شکریہ" پریا نے کہا۔ اس نے اس کے بعد پھر کسی نے اسے گھمنڈی نہیں کہا۔
"جنم دن مبارک، ثانیہ"
ثانیہ مسکرائی۔ اب تلاش کرنے کے لیے کتنے بچے؟
صفر

تفریق کا کھیل

پارٹی میں ثانیہ کے نو دوست آئے۔ جب جوڑے چلا گیا تو وہاں نو میں سے ایک کم ہو گیا۔ باقی بچے آٹھ دوست۔ ایک دوست گروپ سے الگ ہو گیا تو اسے اس طرح لکھ سکتے ہیں:

9(دوست) - 1(جوڑے) = 8(دوست بچے)

جب چھ دوست ملنے باقی تھے، تو ثانیہ نے روہن اور امن کو ڈھونڈ لیا۔ اب چھ میں سے دو کم ہو گئے۔ دو دوست ہٹ گئے۔ اسے ہم اس طرح لکھ سکتے ہیں:

6(دوست) - 2(روہن اور امن) = 4(دوست بچے)

بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کا یہ "کم کرنا" تفریق کہلاتا ہے۔
لیکن تفریق صرف دوستوں کے ساتھ ہی کام نہیں کرتی۔

یہ راجما بیج کے ساتھ بھی کام کرتی ہے۔۔ اگر تم 9 میں سے 3 راجما کے بیج ہٹا لو تو تمہارے پاس کتنے بیج بچ جائیں گے؟

9(بیج) - 3(بیج) = ____(بیج بچے)

یہ طریقہ سکوں کے ساتھ بھی کام کرتا ہے۔
اگر تم 8 روپے کے سکوں میں سے 4 لے لو تو کتنے سکے بچے؟

8(سکے) - 4(سکے) = ____(سکے بچے)

کیا یہ دل چسپ نہیں؟

Story Attribution:

This story: آنکھ مچولی is translated by Syed Tanveer Ahmed . The © for this translation lies with Pratham Books, 2021. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'I Spy!', by Samvida Venkatesh . © Pratham Books , 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Other Credits:

'Chhuppan Chhupai' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. www.prathambooks.org. The development of this book has been supported by Sofina Covid Solidarity Fund. Guest Editor for the Original Story: Roopa Pai, Art Director: Kaveri Gopalakrishnan

Images Attributions:

Cover page: Playing I Spy, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Smiling birthday girl , by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Children celebrating a friend's birthday, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Girls talking and playing hide and seek, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Friends at a birthday party, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: A boy saying goodbye to his friends, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Children playing I Spy, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: A girl tripping over a mat and falling down, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: A girl running after a dog, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: A girl looking behind a pile of mattresses and inside a trunk, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

The development of this book has been supported by Sofina Covid Solidarity Fund

Images Attributions:

Page 11: Two boys sitting inside a dusty cupboard, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 12: Water tank and pots, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 13: Girl finds a boy and a cat playing on the terrace, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 14: Girls running away from a bee in the garden, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 15: Children at a birthday party looking surprised , by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 16: Girls offering a piece of cake to their friend , by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 17: A girl giving her friend a piece of cake , by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 18: A group of eight children , by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 19: A group of eight children, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 20: Girl counting rajma and coins, by Sandhya Prabhat © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

The development of this book has been supported by Sofina Covid Solidarity Fund

آنکھ مچولی

(Urdu)

ثانیہ کے جنم دن پر آنکھ مچولی کا آسان سا کھیل اس وقت ایک مصیبت بن گیا جب شہد کی مکھیاں، بلیاں اور کتے اس کھیل میں بچوں کے ساتھ شامل ہو گئے۔ کیا ثانیہ اپنے سارے چھپے ہوئے دوستوں کو ڈھونڈ پائی؟ ثانیہ کے جنم دن پر الٹی گنتی کر کے معلوم کیجیے کیا ہوا!

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.